قیامت کے دن مجھ سے قریب ترین میرا وہ امتی ہوگا جو اُن میں سے مجھ پر زیادہ درود بھیجنے والا ہوگا۔ (ترمذی)

دلائلِ الخیرات

مؤلف

امام ابو عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ

بشرفِ نظر

امیر المجاہدین حضرۃ مولانا محمد مسعود ازہر حفظہ اللہ تعالیٰ

ترتیب و حواشی

مفتی محمد عبید الرحمن

اعداد و تقدیم

دار البیان

ناشر

مکتبہ عرفان

قیامت کے دن مجھ سے قریب ترین میرا وہ امتی ہوگا جو ان میں سے مجھ پر زیادہ درود بھیجنے والا ہوگا۔ (ترمذی)

دلائل الخیرات

مؤلف

امام ابو عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ

بشرف نظر

امیر المجاہدین حضرت مولانا محمد مسعود ازہر حفظہ اللہ تعالیٰ

ترتیب و حواشی

مفتی محمد عبید الرحمن

اعداد و تقدیم

دار البیان

ناشر

مکتبہ عرفان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست

✿	عنوان	صفحہ
✿	کلام برکت	۵
✿	چند ضروری باتیں	۱۳
✿	اَسمَآءُ النَّبِیِّ الکَرِیمِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۲۵
✿	دعاء النیة	۳۳
✿	پہلی منزل	۳۹
✿	دوسری منزل	۵۳
✿	تیسری منزل	۶۵
✿	چوتھی منزل	۷۹
✿	پانچویں منزل	۹۲
✿	چھٹی منزل	۱۱۰
✿	ساتویں منزل	۱۲۱
✿	آٹھویں منزل	۱۳۶
✿	دعاء ختم الدلائل	۱۴۳

✿...✿...✿

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کلامِ برکت

عالم ربانی، مجاہد جلیل، آیۃ من آیات اللہ

امیر المجاہدین حضرۃ مولانا محمد مسعود ازہر حفظہ اللہ تعالیٰ

آپ کے پیارے قلم سے لکھی گئی ایمان افروز

تقریظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِىْ وَ يُمِيْتُ وَهُوَ حَىٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا

إِبْرَاهِيمَ فِي الْعَالَمِينَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ!

(۱) اللہ تعالیٰ کی ''خاص الخاص'' رحمتیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر لمحہ...... ہر آن برس رہی ہیں...... اس لیے جو بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب...... ایمان اور محبت کے ساتھ...... آتا ہے اس پر بھی ''رحمت الٰہی'' کی بوچھاڑ ہو جاتی ہے.... آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب آنے کے کئی طریقے ہیں...... ان میں سے ایک اہم طریقہ...... آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے ''صلوٰۃ وسلام'' بھیجنا ہے...... درود وسلام پڑھتے جائیں قریب ہوتے جائیں، رحمتیں پاتے جائیں...... ''قرب'' کا یہ سلسلہ قیامت تک جائے گا...... درود و سلام کی کثرت کرنے والے وہاں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوں گے...... بڑی رحمتوں میں ہوں گے...... سبحان اللہ! کتنی بڑی فضیلت ہے اور کتنا اونچا مقام۔

(۲) ہم حضرت محمد آقا مدنی صلی اللہ علیہ وسلم کے عظیم احسانات کے بدلے...... آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت عالیہ مقدّسہ میں کیا پیش کر سکتے ہیں؟...... آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تو اللہ تعالیٰ نے دنیا و آخرت کا بادشاہ بنایا ہے...... زمین تو زمین...... آسمان کے دروازے بھی

آپ ﷺ کے نامِ نامی اسمِ گرامی سے کھلتے ہیں...... ساری مخلوق "جنت الفردوس" کی مشتاق...... جب کہ "جنت الفردوس" آپ ﷺ کی مشتاق...... پھر ہم کیا پیش کر سکتے ہیں؟...... آپ ﷺ کے پاس اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور رحمتوں کے عظیم الشان سمندر ہیں...... سات آسمانوں سے بھی بڑے بڑے سمندر...... مگر سچا عشق ہمت دیتا ہے...... اور حضرت آقا مدنی ﷺ اپنی اُمت کے لیے "رَءُوفٌ رَحِیمٌ" ہیں...... آپ ﷺ کے بعض غریب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دیہات سے تھوڑی سی سبزی لا کر پیش کر دیتے تو...... شاہِ دو جہاں ﷺ خوشی اور اکرام سے قبول فرماتے...... اور اُن غریبوں کا ایسا ''شکریہ'' ادا فرماتے کہ...... وہ ''شرف وفخر'' میں خود کو دو جہاں کا مالک سمجھنے لگتے...... پس اسی طرح ایک سچا عاشق...... اللہ تعالیٰ کو پکار کر کہتا ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ...... یا اللہ! حضرت سیدنا محمد ﷺ پر اپنی خاص الخاص رحمت اور عنایت نازل فرمایئے...... اللہ تعالیٰ اس دعاء سے خوش ہوتے ہیں اور اس دعاء کو قبول فرماتے ہیں اور یوں آپ ﷺ کے پاس رحمتوں اور نعمتوں کے جو سمندر ہیں...... ان میں چند قطرے ہماری

طرف سے بھی اضافہ کر دیے جاتے ہیں...... اللہ، اللہ، اللہ ...... تحفہ، ہدیہ پیش ہوا...... اب اسے کس طرح سے قبول فرمایا جاتا ہے...... صرف ایک بار "صلوٰۃ وسلام" کی فضیلت والی احادیث مبارکہ پڑھ لیں...... طبیعت میں ایسا سرور اور ایسا جوش آئے گا کہ پھر "صلوٰۃ وسلام" سے کبھی نہیں تھکیں گے، کبھی نہیں رکیں گے۔

(۳) آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب سے تشریف لائے...... آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوستوں اور دشمنوں کے درمیان ایک نہ ختم ہونے والا "مقابلہ" شروع ہو گیا...... دشمنوں نے دشمنی میں حد کر دی تو یاروں دوستوں نے بھی وفا اور محبت میں مثالی تاریخ رقم کر دی...... بہت طویل داستان ہے...... آپ پڑھتے ہی رہتے ہیں...... میدان جہاد ہو یا ہر لفظ، ہر ادا اور ہر سنت کی حفاظت...... آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوست...... ہمیشہ دشمنوں پر بھاری رہے...... اس کی خاطر انہوں نے کیا کیا قربانیاں دیں...... کیسی کیسی محنتیں کیں...... تاریخ کے سینے میں سب کچھ محفوظ ہے...... دوستوں اور دشمنوں کا یہ مقابلہ آج بھی جاری ہے...... ہر میدان میں شکست کھانے والے دشمن اب

حسد اور غیظ کی آگ میں جل کر...... گالیوں پر اترے ہوئے ہیں...... کبھی خاکے اور کبھی بے ادبیاں...... ایسے میں دوستوں نے بھی الحمدللہ صف بندی میں تاخیر نہیں کی...... کچھ نے اسلحہ تھام لیا اور کچھ نے اپنے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت کے لیے قلم اور زبان کو ایڑھ لگائی...... آپ حیران ہوں گے کہ گستاخی اور بے ادبی کی تحریک شروع ہونے کے بعد...... عشق محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ عروج ہوا ہے کہ...... ہمارا حال ہمارے ماضی سے ہم آہنگ نظر آرہا ہے...... الحمدللہ اب ہر گلی اور ہر کوچے میں نام "محمد" خوشبو پھیلا رہا ہے...... دشمن حیران ہیں کہ کوشش نعوذ باللہ "بے نامی" کی تھی...... مگر اب ہر طرف محمد، محمد اور محمد کا نام ہے...... گذشتہ چند سالوں میں...... لاکھوں بچوں کو یہ مبارک نام دیا جا چکا ہے...... اسی طرح سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بے شمار کتابیں وجود میں آئیں...... اور "صلوٰۃ وسلام" کا تو ایسا غلغلہ اٹھا کہ زمین و آسمان ہی معطر ہو گئے...... یہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے یہ اللہ تعالیٰ کا پکا سچا وعدہ ہے جو کہ پورا فرمایا جا رہا ہے...... اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اور عظمت کو ہر آن، ہر گھڑی مزید اونچا فرمانے اور مزید بڑھانے کا حتمی وعدہ فرمایا ہے...... اب ان

افراد کی خوش نصیبی دیکھیے جن کو...... اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کو پورا فرمانے کے لیے...... بطور ذریعہ استعمال فرمارہا ہے...... مبارک ہو، صد مبارک برادر محترم، عالم با عمل، المجاھد فی سبیل اللہ مولانا مفتی محمد عبید الرحمٰن صاحب زید قدرہٗ کو...... وہ بھی الحمدللہ زمانے کے ان خوش نصیب افراد میں شامل ہیں...... اور اب انہوں نے "صلوٰۃ وسلام" کی یہ تازہ خدمت کرکے...... دوستوں اور وفاداروں کی "صف" میں اپنی شمولیت کو پکا کرلیا ہے۔

(۴) "دلائل الخیرات" "صلوٰۃ وسلام" کا ایک مقبول، متداول اور پُراثر "منور وظیفہ" ہے...... "صلوٰۃ وسلام" میں زیادہ فضیلت تو مسنون صیغوں کی ہے...... مگر عشق کے اس میدان کو عاشقوں کے لیے کھلا رکھا گیا تاکہ وہ...... عمدہ سے عمدہ الفاظ میں اپنے عشق کی پیاس بجھاسکیں...... یہ "منور وظیفہ" صدیوں سے "اہل اللہ" کا ورد ہے...... اور اس کے منافع اور مقاصد بہت اعلیٰ وارفع ہیں...... آپ اسے اپنے عمل میں لائیں گے تب ہی آپ کو اس "دُرِّ نایاب" کی قدر معلوم ہوگی، ان شاء اللہ۔

(۵) ہمارے لیے سعادت کا مقام ہے کہ "جامعۃ الصابر"......

''دار البیان''......اور ''مکتبہ عرفان''......اس ''منور وظیفے'' کو اُمت کے لیے پیش کر رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اور اس میں محنت کرنے والوں کو......اپنی عالی شان کے مطابق جزائے خیر نصیب فرمائے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

كَثِيْرًا كَثِيْرًا

محمد مسعود ازہر

لیلۃ نصف من شعبان ۱۴۴۲ھ

بمطابق

30/مارچ 2021ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چند ضروری باتیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ، اَمَّا بَعْد!

اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر چند باتیں عرض ہیں:

(۱) "صلوٰۃ وسلام"......یعنی اللہ تعالیٰ کے محبوب پیغمبر اور ہمارے پیارے نبی سیدنا و مولانا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنا اور سلام بھیجنا یہ اللہ تعالیٰ کا ایک تاکیدی حکم ہے، اور اُمت پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک لازمی حق ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے بہت تاکید اور وضاحت کے ساتھ اہلِ ایمان کو حکم فرمایا ہے کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجا کریں، اور ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ خود اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر "درود" بھیجتے ہیں۔ چنانچہ ارشاد فرمایا:

﴿اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾ [الاحزاب:۵۶]

''بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی اس پر درُود اور سلام بھیجو۔''

اسی طرح احادیثِ طیبہ میں بھی بہت کثرت کے ساتھ درود و سلام کی ترغیب اور فضائل آئے ہیں اور نہ پڑھنے والوں کیلئے وعیدات وارد ہوئی ہیں۔

۲ ''صلوٰۃ و سلام'' جہاں اللہ تعالیٰ کا ایک تاکیدی حکم اور حضور اکرم ﷺ کا ''لازمی حق'' ہے وہیں ایک مسلمان کی ''لازمی اور بنیادی ضرورت'' بھی ہے...... چنانچہ اس بات کو شعوری طور پر سمجھنا اور اپنے دل میں بٹھانا ضروری ہے کہ درود و سلام محض ایک ''کارِ ثواب'' ہی نہیں بلکہ ہر مسلمان کی اہم اور لازمی ضرورت ہے، ایسی ضرورت کہ جس کے بغیر زندگی ادھوری اور بے کیف رہ جاتی ہے۔ اور کیوں نہ ہو؟ آخر ہم مسلمانوں کو جو بھی خیر ملی ہے وہ آقائے نامدار ﷺ کی برکت اور ذریعے سے ہی ملی ہے، پھر ان سے تعلق بنائے بغیر اور ان پر درود و سلام بھیجے بغیر کیسے زندگی مکمل ہو؟ کیسے دین مکمل ہو؟ کیسے عشق کے تقاضے پورے ہوں؟ شکر گذاری اور احسان مندی کے تقاضے کیونکر پورے ہوں؟

امیر المجاہدین، مرشد المجاہدین، حجۃ اللہ فی الجہاد، حضرت اقدس حضرت مولانا محمد مسعود ازہر صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ اس حقیقت کو کچھ یوں آشکارا فرماتے ہیں:

’’اس میں شک نہیں کہ ’’درود شریف‘‘ بہت بڑے ثواب اور اجر حاصل کرنے کا ذریعہ ہے...... ایک بار درود شریف پڑھنے پر نقد پچاس انعامات ملتے ہیں...... اور حضرت خواجہ گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تو ایک بار درود شریف پڑھنے پر ایک لاکھ نیکیاں ملتی ہیں اور درود پڑھنے والے کا شمار ’’اولیاء اللہ‘‘ میں ہوتا ہے...... حقیقی صوفیاء کرام دراصل اللہ تعالیٰ کی بڑائی، کبریائی اور اس کی رحمت کی وسعت میں غوطہ زن رہتے ہیں...... اس لئے وہ اعمال کا ثواب بھی اسی رحمت کی وسعت کے مطابق بیان فرماتے ہیں...... یہ مبالغہ نہیں ہوتا...... آج کسی کو بھی رحمتِ الٰہی کے مراقبے کی سیر نصیب ہو تو وہ دیکھ لے گا کہ...... اس عظیم بادشاہ کے سامنے لاکھوں اور کروڑوں کی کیا حیثیت ہے...... بہرحال درود شریف کا اجر اور ثواب بے انتہاء ہے...... مگر ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ درود شریف کے بغیر ہمارا گذارہ ہی نہیں ہے...... ہمیں نہ تو حضرت آقا مدنی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی...... اور نہ ہم نے آقا مدنی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت مبارک پائی...... ہم نے نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی خدمت کی...... اور نہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے کچھ سنا...... ہم نے نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک آنکھوں کا

فیض پایا...... اور نہ ہمارے کانوں کو آپ ﷺ کی آواز مبارک سننا نصیب ہوئی ...... جبکہ دین اسلام کا مرکزی نکتہ ...... ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ'' ہے...... یہ کلمۂ ایمان کا لازمی جزو ہے...... ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ'' ...... ہم نے بھی اس مبارک کلمے پر اسی طرح ایمان لانا ہے جس طرح حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ایمان لائے ...... حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حضور اقدس ﷺ کی صحبت، خدمت اور مرافقت کا شرف نصیب ہوا تو کلمہ اُن کے قلوب میں اُتر گیا...... جبکہ ہمارے لئے اس کمی کی تلافی کیسے ہو؟ ...... بے شک! درود و سلام کی کثرت ہماری اس کمی اور محرومی کی بڑی حد تک تلافی کر سکتی ہے...... ہم حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مقام تو نہیں پا سکتے ...... مگر درود شریف کے ذریعہ ہمیں حضورِ اقدس ﷺ کا ایک روحانی قرب ملتا ہے...... اور اس قرب کی برکت سے ہم زمانے کے بڑے بڑے فتنوں سے بچ سکتے ہیں...... ایسے بے شمار واقعات سامنے آچکے ہیں کہ...... کئی افراد نے درود شریف سے اپنا تعلق مضبوط رکھا تو...... بڑے بڑے گناہوں اور کوتاہیوں کے باوجود اُن کی مغفرت کی بشارت آ گئی...... وہ مرکز سے جڑے ہوئے تھے...... اور جو مرکز سے غیر مشروط وفاداری رکھے تو فتنے اس کے قریب نہیں آسکتے ...... درود شریف ہماری آخرت کے لئے بے حد لازمی ...... اور ہماری دنیا کے لئے بے حد ضروری ہے...... ہمیں ہر خیر آقا مدنی ﷺ کے ذریعہ ہی ملی ہے...... وہ قرآن ہو یا نماز ...... وہ کعبہ

ہو یا مسجدِ نبوی...... وہ حج ہو یا جہاد...... وہ ذکر ہو یا تلاوت...... وہ دین ہو یا دنیا...... اور آپ ﷺ آج بھی اسی طرح اللہ تعالیٰ کے نبی اور رسول ہیں جس طرح کہ آپ ﷺ اپنی ظاہری حیاتِ مبارکہ میں تھے...... تو آج بھی ہمیں جو خیر ملے گی وہ حضرت آقا مدنی ﷺ کے ذریعہ سے ہی ملے گی...... اور درود شریف حضرت آقا مدنی ﷺ سے ہمارا تعلق مضبوط بناتا ہے...... ہر درود وسلام آپ ﷺ تک پہنچایا جاتا ہے...... اور آپ ﷺ اس کا جواب ارشاد فرماتے ہیں...... اور درود شریف پڑھنے والے کا نام اس کی ولدیت سمیت حضورِ اقدس ﷺ کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے...... اللہ تعالیٰ نے اس کام کے لئے فرشتوں کا ایک وسیع نظام مقرر فرما دیا ہے...... درود شریف کا پہلا فائدہ تو یہ ہے کہ اس سے ہمیں اللہ تعالیٰ کا قرب ملتا ہے...... اور دوسرا فائدہ یہ کہ...... ہمارا تعلق اپنے مرکز سے مضبوط ہوتا ہے اور حضرت آقا مدنی ﷺ کے ساتھ ہماری نسبت مضبوط ہوتی ہے...... اب جسے یہ نعمتیں حاصل ہو جائیں...... اس کے لئے دنیا بھی خیر اور آخرت بھی خیر۔'' [مشرب مؤمن۔ص: ۱۷۲]

(۳) چونکہ درود وسلام کے فضائل اور مقامات بہت اونچے ہیں اس لئے ابتداءِ اسلام سے ہی امت کے مقبول افراد مختلف انداز سے ''درود وسلام'' کی خدمت کرتے آئے ہیں، تاکہ عشق ومحبت کا یہ مے خانہ ہمیشہ آباد وشاد رہے...... انہی خدمات میں سے ایک لطیف

اور مسحور کن خدمت "دلائل الخیرات" کی تالیف ہے۔ "دلائل الخیرات" درود و سلام کا ایک جامع، مستند اور مفید ترین مجموعہ ہے جسے نویں صدی ہجری کے مایہ ناز بزرگ امام ابوعبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ نے تالیف فرمایا۔ زمانہ تالیف سے لے کر آج تک یہ مجموعہ ہزارہا مشائخ اور بزرگوں کے معمولات کا حصہ چلا آرہا ہے، درود و سلام کے مجموعات میں جو مقبولیت "دلائل الخیرات" کو ملی ہے وہ شاید ہی کسی اور کو ملی ہو۔ سیّد الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ سفر و حضر میں "دلائل الخیرات" ساتھ رکھا کرتے تھے اور محدث العصر حضرت علامہ محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ "دلائل الخیرات" ایک شیخ کامل کا کام دیتی ہے۔

۴ "دلائل الخیرات" کی تالیف کا سبب بھی بہت عجیب اور ایمان افروز ہے، ایک بار حضرت مؤلف رحمۃ اللہ علیہ سفر میں تھے، ظہر کی نماز کا وقت ختم ہورہا تھا اور وضو کے لئے پانی نہیں تھا، تلاش و جستجو کے بعد ایک کنواں نظر آیا، مگر اس میں رسی اور ڈول نہیں تھا، حضرت کافی پریشان تھے کہ اچانک ایک بچی آئی اور پریشانی کی وجہ دریافت کی، حضرت نے اپنی پریشانی بتائی تو بچی نے کنویں میں

تھوک دیا، اس کے تھوکتے ہی پانی کنارے تک اُبل آیا، مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے حیران ہوکر وجہ دریافت فرمائی تو بچی نے کہا: یہ برکت اس درود شریف کی ہے جس کا میں ہمیشہ ورد کرتی رہتی ہوں۔ شیخ نے اس سے وہ درود پاک سیکھا اور اس کی اجازت حاصل کی، وہ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ۔

اور دِل میں داعیہ پیدا ہوا کہ درود شریف کے مبارک، مسنون، ماثور اور منقول صیغوں کا کوئی مجموعہ تیار کیا جائے، اور پھر ''دلائل الخیرات'' نامی یہ مجموعہ تیار فرمایا، جس میں بطور خاص بچی والا درود شریف بھی شامل فرمایا۔ دینی، دُنیوی اور اُخروی مقاصد میں کامیابی کے لئے ''دلائل الخیرات'' کی تلاوت بہت مفید اور نفع بخش ثابت ہوتی ہے۔

۵ ''دلائل الخیرات'' کے مؤلف نویں صدی ہجری کے مشہور عالم، فقیہ اور بزرگ امام محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ کا اسم گرامی ''محمد'' والد کا نام ''عبد الرحمٰن، دادا کا نام ''ابوبکر'' اور پردادا کا نام ''سلیمان'' ہے، لیکن آپ کی شہرت پردادا کے نام کے ساتھ

ہوئی، اس لیے آپ کو ''محمد بن سلیمان'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ بلادِ مغربیہ میں آپ ''سیدی بن سلیمان'' کے نام سے معروف ہیں۔ آپ کا سلسلہ نسب انیس پشتوں کے بعد سیّدنا حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے۔ ''جزولہ'' علاقے کی طرف منسوب ہو کر آپ کو ''جزولی'' کہا جاتا ہے۔ ولادت باسعادت ۸۰۷ھ مطابق 1404ء کو ہوئی، اور کل ۶۳ سال اس دار فانی میں گزار کر دار البقاء کی طرف کوچ فرما گئے، رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے کے امام اور مرشد تھے، ہزارہا لوگوں نے آپ سے کسبِ فیض کیا۔ آپ کی باقیاتِ صالحات اور صدقاتِ جاریہ میں سے ایک ''دلائل الخیرات'' بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی قبر پر کروڑہا رحمتیں نازل فرمائیں۔

۶ حضرت مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے ''دلائل الخیرات'' کو مختلف انداز سے کئی حصوں میں تقسیم فرمایا تھا، تاکہ ہر انسان اپنے ذوق اور فرصت کے مطابق اسے اپنے معمول میں رکھ سکے۔ چنانچہ اس کی درج ذیل تقسیمات ہیں:

(الف): نصف نصف، (یعنی پورے مجموعے کے دو برابر حصے)

(ب): اثلاثًا، (یعنی پورے مجموعے کے تین حصے)

(ج): ارباعًا، (یعنی پورے مجموعے کے چار حصے)

(د): اثمانًا، (یعنی پورے مجموعے کے آٹھ حصے)

چوتھی تقسیم زیادہ معروف اور متداول ہے۔ اس نسخے کو بھی بنیادی طور پر اسی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے اور ہر حصے کو "منزل" کا نام دیا گیا ہے۔ پہلی منزل پڑھنے کا دن سوموار ہے اور آخری منزل کا بھی سوموار۔ یعنی سوموار کو "دلائل الخیرات" شروع کریں، روزانہ ایک منزل کی تلاوت کرتے ہوئے آئندہ سوموار کو آخری اور آٹھویں منزل پڑھیں، اور پھر اسی دن پہلی منزل پڑھ کر اگلی تلاوت کا بھی آغاز کر دیں۔ البتہ اس نسخے میں دوسری تقسیمات کی طرف بھی اشارہ کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ دوسری تقسیمات کو واضح کرنے کیلئے صفحے کے جوانب پر عنوان دے دیا گیا ہے اور ہر تقسیم کی ابتدائی سطر کو ڈبے میں رکھا گیا ہے، تاکہ قارئین کو سہولت رہے اور دیگر تقسیمات کے مطابق پڑھنا آسان رہے۔

۷ اس نسخے کی ترتیب اس طرح ہے:

- اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- دعاء النیة
- آٹھ منازل
- دعاء الاختتام

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو سو ایک (۲۰۱) اسماء مبارکہ کا مبارک و معطر

مجموعہ خود حضرت مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کا مرتب فرمودہ ہے، اور ان اسماء گرامی کے بعد کی مختصر دعاء بھی مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔ ''دعاء النیۃ'' مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کے بعد کے اکابر سے منقول ہے۔ اس نسخے میں تھوڑے سے تصرف کے ساتھ شروع کی دو دعاؤں کو اکٹھا کر کے یہ ''دعاء النیۃ'' شامل کی گئی ہے۔ اور ''دعاء الاختتام'' بھی بعد کے بزرگانِ دین سے منقول ہے۔ مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کی نہیں ہے۔

﴿۸﴾ اگر فرصت میسر ہو تو بہتر ہے کہ روزانہ کی ''منزل'' پڑھنے سے پہلے اسماءِ مبارکہ اور ''دعاء النیۃ'' یا حسب فرصت صرف ''دعاء النیۃ'' اور ''منزل'' کے بعد ''دعاء الاختتام'' پڑھ لی جائے، اس سے دونوں جہانوں کی بہت سی خیریں نصیب ہوں گی، ان شاء اللہ۔ اور اگر فرصت نہ ہو تو پھر صرف ''منزل'' پر ہی اکتفاء کر لیا جائے۔ دعاؤں کے نیچے ان کا ترجمہ بھی ڈال دیا گیا ہے تاکہ ان کے معانی معلوم ہوں اور مطالب مستحضر رہیں اور دعاء مانگنے میں دل جمعی نصیب ہو۔

﴿۹﴾ حاشیہ میں مشکل الفاظ کے معانی اور مشکل مقامات کا حل بھی لکھ دیا گیا ہے، اور اس میں زیادہ تر علامہ سلیمان الجمل رحمۃ اللہ علیہ کی شرح ''مِنَحُ الالٰہیات'' اور علامہ نبہانی رحمۃ اللہ علیہ کی شرح ''اَلدَّلالاتُ

الْوَاضِحَات'' سے استفادہ کیا گیا ہے، اگرچہ بعض مقامات پر دیگر شروحات اور کتب سے بھی راہنمائی لی گئی ہے اور بعض مقامات پر سیّد الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے سند یافتہ نسخے کے حاشیہ سے کچھ مفید حاشیے بھی ڈالے گئے ہیں۔

۱۰ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مبارکہ کے ساتھ لفظ ''سیادت'' کے اضافہ کرنے نہ کرنے کے بارے میں چونکہ حضرات علماء کرام کی دونوں طرح کی آراء ہیں، اس لئے اس نسخے میں درمیانی راہ اختیار کرتے ہوئے مسنون و ماثور صیغوں میں لفظ سیادت کا اضافہ نہیں کیا گیا البتہ اکابرِ امت سے منقول صیغوں میں سیادت کا لفظ لگایا گیا ہے، تاکہ دونوں صورتوں پر عمل بھی ہو جائے اور مسنون و ماثور صیغے اپنی اصل شکل پر بھی باقی رہیں۔ چنانچہ پہلی منزل مکمل اور دوسری منزل کے شروع کے کچھ صیغوں میں لفظ سیادت نہیں ہے۔ اور پھر آگے تمام صیغوں میں لفظِ سیادت موجود ہے، ماسوا چند ایک مقامات کے۔

اللہ تعالیٰ سے عاجزانہ التجاء ہے کہ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل اس حقیر سی خدمت کو اپنی بارگاہِ اقدس میں شرفِ قبولیت سے نوازیں، اور اسے اُمت کے لئے نافع اور ہمارے لئے صدقۂ جاریہ بنادیں۔ وما ذٰلك على الله بعزيز

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

محمد عبید الرحمٰن

۴ جمادی الاخریٰ ۱۴۴۲ھ

مطابق 18 جنوری 2021ء

یوم الاثنین

❋...❋...❋

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اسماءُ النّبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللّٰھم صلِّ وسلّم وبارک علٰی
سیّدنا محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اسماء النبیّ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَنِ اسْمُهٗ

سیّدنا مُحَمَّدٌ	سیّدنا اَحْمَدُ	سیّدنا حَامِدٌ
سیّدنا مَحْمُوْدٌ	سیّدنا اَحِیْدٌ	سیّدنا وَحِیْدٌ
سیّدنا مَاحٍ	سیّدنا حَاشِرٌ	سیّدنا عَاقِبٌ
سیّدنا طٰهٰ	سیّدنا یٰسٓ	سیّدنا طَاهِرٌ
سیّدنا مُطَهَّرٌ	سیّدنا طَیِّبٌ	سیّدنا سَیِّدٌ
سیّدنا رَسُوْلٌ	سیّدنا نَبِیٌّ	سیّدنا رَسُوْلُ الرَّحْمَةِ
سیّدنا قَیِّمٌ	سیّدنا جَامِعٌ	سیّدنا مُقْتَفٍ
سیّدنا مُقَفِّی	سیّدنا رَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ	

سَیِّدُنا رَسُوْلُ الرَّاحَۃِ ﷺ	سَیِّدُنا کَامِلٌ ﷺ	
سَیِّدُنا اِکْلِیْلٌ ﷺ	سَیِّدُنا مُدَّثِّرٌ ﷺ	سَیِّدُنا مُزَّمِّلٌ ﷺ
سَیِّدُنا عَبْدُ اللّٰہِ ﷺ	سَیِّدُنا حَبِیْبُ اللّٰہِ ﷺ	
سَیِّدُنا صَفِیُّ اللّٰہِ ﷺ	سَیِّدُنا نَجِیُّ اللّٰہِ ﷺ	سَیِّدُنا کَلِیْمُ اللّٰہِ ﷺ
سَیِّدُنا خَاتِمُ الْاَنْبِیَآءِ ﷺ	سَیِّدُنا خَاتِمُ الرُّسُلِ ﷺ	
سَیِّدُنا مُحْیِی ﷺ	سَیِّدُنا مُنْجٍ ﷺ	سَیِّدُنا مُذَکِّرٌ ﷺ
سَیِّدُنا نَاصِرٌ ﷺ	سَیِّدُنا مَنْصُوْرٌ ﷺ	سَیِّدُنا نَبِیُّ الرَّحْمَۃِ ﷺ
سَیِّدُنا نَبِیُّ التَّوْبَۃِ ﷺ	سَیِّدُنا حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ ﷺ	
سَیِّدُنا مَعْلُوْمٌ ﷺ	سَیِّدُنا شَہِیْرٌ ﷺ	سَیِّدُنا شَاہِدٌ ﷺ
سَیِّدُنا شَہِیْدٌ ﷺ	سَیِّدُنا مَشْہُوْدٌ ﷺ	سَیِّدُنا بَشِیْرٌ ﷺ
سَیِّدُنا مُبَشِّرٌ ﷺ	سَیِّدُنا نَذِیْرٌ ﷺ	سَیِّدُنا مُنْذِرٌ ﷺ
سَیِّدُنا نُوْرٌ ﷺ	سَیِّدُنا سِرَاجٌ ﷺ	سَیِّدُنا مِصْبَاحٌ ﷺ
سَیِّدُنا ھُدًی ﷺ	سَیِّدُنا مَھْدِیٌّ ﷺ	سَیِّدُنا مُنِیْرٌ ﷺ
سَیِّدُنا دَاعٍ ﷺ	سَیِّدُنا مَدْعُوٌّ ﷺ	سَیِّدُنا مُجِیْبٌ ﷺ

سَیِّدُنَا مُجَابٌ ﷺ	سَیِّدُنَا حَفِیٌّ ﷺ	سَیِّدُنَا عَفُوٌّ ﷺ
سَیِّدُنَا وَلِیٌّ ﷺ	سَیِّدُنَا حَقٌّ ﷺ	سَیِّدُنَا قَوِیٌّ ﷺ
سَیِّدُنَا اَمِیْنٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مَأْمُوْنٌ ﷺ	سَیِّدُنَا کَرِیْمٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مُکَرَّمٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مَکِیْنٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مَتِیْنٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مُبِیْنٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مُؤَمِّلٌ ﷺ	سَیِّدُنَا وَصُوْلٌ ﷺ
سَیِّدُنَا ذُوْقُوَّةٍ ﷺ	سَیِّدُنَا ذُوْحُرْمَةٍ ﷺ	سَیِّدُنَا ذُوْمَکَانَةٍ ﷺ
سَیِّدُنَا ذُوْعِزٍّ ﷺ	سَیِّدُنَا ذُوْفَضْلٍ ﷺ	سَیِّدُنَا مُطَاعٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مُطِیْعٌ ﷺ	سَیِّدُنَا قَدَمُ صِدْقٍ ﷺ	سَیِّدُنَا رَحْمَةٌ ﷺ
سَیِّدُنَا بُشْرٰی ﷺ	سَیِّدُنَا غَوْثٌ ﷺ	سَیِّدُنَا غَیْثٌ ﷺ
سَیِّدُنَا غِیَاثٌ ﷺ	سَیِّدُنَا نِعْمَةُ اللّٰهِ ﷺ	سَیِّدُنَا هَدِیَّةُ اللّٰهِ ﷺ

سَیِّدُنَا عُرْوَةٌ وُّثْقٰی ﷺ	سَیِّدُنَا صِرَاطُ اللّٰهِ ﷺ
سَیِّدُنَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﷺ	سَیِّدُنَا ذِکْرُ اللّٰهِ ﷺ
سَیِّدُنَا سَیْفُ اللّٰهِ ﷺ	سَیِّدُنَا حِزْبُ اللّٰهِ ﷺ
سَیِّدُنَا اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ ﷺ	سَیِّدُنَا مُصْطَفٰی ﷺ

سَیِّدُنَا مُجْتَبٰی ﷺ	سَیِّدُنَا مُنْتَقٰی ﷺ	سَیِّدُنَا اُمِّیٌّ ﷺ
سَیِّدُنَا مُخْتَارٌ ﷺ	سَیِّدُنَا اَجِیْرٌ ﷺ	سَیِّدُنَا جَبَّارٌ ﷺ
سَیِّدُنَا اَبُوالْقَاسِم ﷺ	سَیِّدُنَا اَبُوالطَّاهِر ﷺ	
سَیِّدُنَا اَبُوالطَّیِّب ﷺ	سَیِّدُنَا اَبُوْ اِبْرَاهِیْم ﷺ	
سَیِّدُنَا مُشَفَّعٌ ﷺ	سَیِّدُنَا شَفِیْعٌ ﷺ	سَیِّدُنَا صَالِحٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مُصْلِحٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مُهَیْمِنٌ ﷺ	سَیِّدُنَا صَادِقٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مُصَدَّقٌ ﷺ	سَیِّدُنَا صِدْقٌ ﷺ	
سَیِّدُنَا سَیِّدُ الْمُرْسَلِیْن ﷺ	سَیِّدُنَا اِمَامُ الْمُتَّقِیْن ﷺ	
سَیِّدُنَا قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْن ﷺ	سَیِّدُنَا خَلِیْلُ الرَّحْمٰن ﷺ	
سَیِّدُنَا بَرٌّ ﷺ	سَیِّدُنَا مَبَرٌّ ﷺ	سَیِّدُنَا وَجِیْهٌ ﷺ
سَیِّدُنَا نَصِیْحٌ ﷺ	سَیِّدُنَا نَاصِحٌ ﷺ	سَیِّدُنَا وَکِیْلٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مُتَوَکِّلٌ ﷺ	سَیِّدُنَا کَفِیْلٌ ﷺ	سَیِّدُنَا شَفِیْقٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مُقِیْمُ السُّنَّةِ ﷺ	سَیِّدُنَا مُقَدَّسٌ ﷺ	
سَیِّدُنَا رُوْحُ الْقُدُس ﷺ	سَیِّدُنَا رُوْحُ الْحَقِّ ﷺ	

سَیِّدُنَا رُوْحُ الْقِسْطِ ﷺ	سَیِّدُنَا کَافٍ ﷺ	
سَیِّدُنَا مُکْتَفٍ ﷺ	سَیِّدُنَا بَالِغٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مُبَلِّغٌ ﷺ
سَیِّدُنَا شَافٍ ﷺ	سَیِّدُنَا وَاصِلٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مَوْصُوْلٌ ﷺ
سَیِّدُنَا سَابِقٌ ﷺ	سَیِّدُنَا سَآئِقٌ ﷺ	سَیِّدُنَا هَادٍ ﷺ
سَیِّدُنَا مُهْدٍ ﷺ	سَیِّدُنَا مُقَدَّمٌ ﷺ	سَیِّدُنَا عَزِیْزٌ ﷺ
سَیِّدُنَا فَاضِلٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مُفَضَّلٌ ﷺ	سَیِّدُنَا فَاتِحٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مِفْتَاحٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مِفْتَاحُ الرَّحْمَةِ ﷺ	
سَیِّدُنَا مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ ﷺ	سَیِّدُنَا عَلَمُ الْاِیْمَانِ ﷺ	
سَیِّدُنَا عَلَمُ الْیَقِیْنِ ﷺ	سَیِّدُنَا دَلِیْلُ الْخَیْرَاتِ ﷺ	
سَیِّدُنَا مُصَحِّحُ الْحَسَنَاتِ ﷺ	سَیِّدُنَا مُقِیْلُ الْعَثَرَاتِ ﷺ	
سَیِّدُنَا صَفُوْحٌ عَنِ الزَّلَّاتِ ﷺ		
سَیِّدُنَا صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمَقَامِ ﷺ	
سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْقَدَمِ ﷺ	سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ بِالْعِزِّ ﷺ	
سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ بِالْمَجْدِ ﷺ	سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ بِالشَّرَفِ ﷺ	

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْوَسِیْلَةِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْفَضِیْلَةِ ﷺ
سَیِّدُنَا صَاحِبُ السَّیْفِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْاِزَارِ ﷺ
سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْحُجَّةِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ السُّلْطَانِ ﷺ
سَیِّدُنَا صَاحِبُ الرِّدَآءِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الدَّرَجَةِ الرَّفِیْعَةِ ﷺ
سَیِّدُنَا صَاحِبُ التَّاجِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمِغْفَرِ ﷺ
سَیِّدُنَا صَاحِبُ اللِّوَآءِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ ﷺ
سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْقَضِیْبِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرَاقِ ﷺ
سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْخَاتَمِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْعَلَامَةِ ﷺ
سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرْهَانِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبَیَانِ ﷺ
سَیِّدُنَا فَصِیْحُ اللِّسَانِ ﷺ	سَیِّدُنَا مُطَهَّرُ الْجَنَانِ ﷺ
سَیِّدُنَا رَءُوْفٌ ﷺ / سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ ﷺ	سَیِّدُنَا اُذُنُ خَیْرٍ ﷺ
سَیِّدُنَا صَحِیْحُ الْاِسْلَامِ ﷺ	سَیِّدُنَا سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ ﷺ
سَیِّدُنَا عَیْنُ النَّعِیْمِ ﷺ	سَیِّدُنَا عَیْنُ الْغُرِّ ﷺ
سَیِّدُنَا سَعْدُ اللّٰهِ ﷺ	سَیِّدُنَا سَعْدُ الْخَلْقِ ﷺ

سَیِّدُنَا خَطِیْبُ الْاُمَمِ ﷺ	سَیِّدُنَا عَلَمُ الْھُدٰی ﷺ
سَیِّدُنَا کَاشِفُ الْکُرَبِ ﷺ	سَیِّدُنَا رَافِعُ الرُّتَبِ ﷺ
سَیِّدُنَا عِزُّ الْعَرَبِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْفَرَجِ ﷺ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ.

اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ بِجَاہِ نَبِیِّكَ الْمُصْطَفٰی وَ رَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰی وَ وَلِیِّكَ الْمُجْتَبٰی طَھِّرْ قُلُوْبَنَا مِنْ كُلِّ وَصْفٍ یُّبَاعِدُنَا عَنْ مُّشَاھَدَتِكَ وَ مَحَبَّتِكَ وَ اَمِتْنَا عَلَى السُّنَّةِ وَ الْجَمَاعَةِ وَ الشَّوْقِ اِلٰی لِقَآئِكَ یَاذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ وَ صَلَّى اللهُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِیْمًا، وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ.

❀...❀...❀

دعاء النیۃ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ، وَ
لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَبْرَأُ مِنْ حَوْلِیْ وَ قُوَّتِیْ اِلٰی حَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ نَوَیْتُ بِصَلَاتِیْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ
اِمْتِثَالًا لِّاَمْرِكَ وَ تَصْدِیْقًا لِّنَبِیِّكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کے پالنے والے ہیں۔ میرے لیے اللہ تعالیٰ ہی کافی ہیں اور وہ کتنے ہی بہترین کارساز ہیں۔ گناہوں سے بچنے اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ بزرگ و برتر کی عطاء ہی سے ملتی ہے۔

یااللہ! میں اپنی طاقت اور قوت سے براءت کا اعلان کر کے آپ کی طاقت وقوت کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

یااللہ! میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر "صلوٰۃ" بھیجنے کی نیت کی ہے آپ کے حکم کی بجا آوری کرتے ہوئے، آپ کے نبی سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرتے ہوئے ....

وَ مَحَبَّةً فِيهِ وَ شَوْقًا اِلَيْهِ وَ تَعْظِيمًا لِّقَدْرِهٖ وَ كَوْنَهٗ اَهْلًا
لِّذٰلِكَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ بِفَضْلِكَ وَ اِحْسَانِكَ وَ اَزِلْ حِجَابَ
الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِيْ، وَ اجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ۔
اَللّٰهُمَّ زِدْهُ شَرَفًا عَلٰى شَرَفِهِ الَّذِيْ اَوْلَيْتَهٗ وَ عِزًّا عَلٰى
عِزِّهِ الَّذِيْ اَعْطَيْتَهٗ وَ نُوْرًا عَلٰى نُوْرِهِ الَّذِيْ مِنْهُ خَلَقْتَهٗ،
وَ اَعْلِ مَقَامَهٗ فِيْ مَقَامَاتِ الْمُرْسَلِيْنَ، وَ دَرَجَتَهٗ فِيْ
دَرَجَاتِ النَّبِيِّيْنَ..............................

ترجمہ: ان کی ذات عالی سے محبت رکھتے ہوئے، ان کی طرف اپنے شوق اور رغبت کا اظہار کرتے ہوئے، اور ان کے مقام و مرتبہ کی تعظیم کرتے ہوئے اور بالخصوص اس لئے کہ وہ اس کے اہل ہیں، سوائے اللہ! آپ اس ''صلوٰۃ'' کو اپنے فضل و کرم سے مجھ سے قبول فرمالیجئے، اور میرے دل سے غفلت کا پردہ دور فرما دیجئے، اور مجھے اپنے نیک بندوں میں سے بنا دیجئے۔

یا اللہ! آپ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو جو مقام و بزرگی عنایت فرمائی ہے اس میں مزید اضافہ فرما دیجئے، اور انہیں جو عزت عطاء فرمائی ہے اسے مزید بڑھا دیجئے اور ان کے اس نور میں بھی اضافہ فرما دیجئے جس سے آپ نے انہیں پیدا فرمایا، اور رسولوں کے مقامات میں ان کا مقام اُونچا فرما دیجئے اور درجاتِ انبیاء میں ان کا درجہ بلند فرما دیجئے..............

وَ اَسْئَلُكَ رِضَاكَ وَ رِضَاهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ مَعَ الْعَافِيَةِ الدَّآئِمَةِ وَ الْمَوْتِ عَلَى الْكِتَابِ وَ السُّنَّةِ وَ الْجَمَاعَةِ وَ كَلِمَةِ الشَّهَادَةِ عَلٰى تَحْقِيْقِهَا مِنْ غَيْرِ تَبْدِيْلٍ وَّ تَغْيِيْرٍ، وَ اغْفِرْلِيْ مَا ارْتَكَبْتُهُ بِمَنِّكَ وَ بِفَضْلِكَ وَ جُوْدِكَ وَ كَرَمِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اِلٰهِيْ بِجَاهِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عِنْدَكَ وَ مَكَانَتِهٖ لَدَيْكَ وَ مَحَبَّتِكَ لَهٗ وَ مَحَبَّتِهٖ لَكَ وَ بِالسِّرِّ الَّذِيْ بَيْنَكَ وَ بَيْنَهٗ ....

ترجمہ: یارب العالمین! میں آپ سے آپ کی اور حضور نبی کریم ﷺ کی رضاء کا سوال کرتا ہوں عافیت دائمہ کے ساتھ اور کتاب اللہ، سنت رسول ﷺ، حق جماعت اور بغیر کسی تغیر وتبدل کے ٹھیک ٹھیک کلمہ شہادت پر موت کے ساتھ اور میں نے جن جن گناہوں کا ارتکاب کیا ہے آپ اپنے فضل، مہربانی اور کرم سے یاارحم الراحمین! انہیں معاف فرما دیجئے۔

الٰہی! آپ کے نبی سیدنا محمد ﷺ کا آپ کے ہاں جو مقام اور مرتبہ ہے، اور آپ کو ان سے جو محبت ہے، اور انہیں آپ سے جو محبت ہے میں اس کے وسیلے سے اور اس راز کے وسیلے سے جو آپ کے اور ان کے درمیان ہے ....

أَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ وَ تُسَلِّمَ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ، وَ ضَاعِفِ اللّٰهُمَّ مَحَبَّتِيْ فِيْهِ وَ عَرِّفْنِيْ بِحَقِّهٖ وَ رُتَبِهٖ وَ وَفِّقْنِيْ لِاتِّبَاعِهٖ وَ الْقِيَامِ بِأَدَبِهٖ وَ سُنَّتِهٖ وَ اجْمَعْنِيْ عَلَيْهِ وَ مَتِّعْنِيْ بِرُؤْيَتِهٖ وَ أَسْعِدْنِيْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَ ارْفَعْ عَنِّي الْعَوَآئِقَ وَ الْعَلَآئِقَ وَ الْوَسَآئِطَ وَ الْحِجَابَ وَ شَنِّفْ سَمْعِيْ مَعَهٗ بِلَذِيْذِ الْخِطَابِ وَ هَيِّئْنِيْ لِلتَّلَقِّيْ مِنْهُ وَ أَهِّلْنِيْ لِخِدْمَتِهٖ..........................

ترجمہ: آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ حضور اکرم ﷺ پر، ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر صلوٰۃ وسلام نازل فرمایئے ، اور یااللہ! مجھے ان سے جو محبت ہے اسے دوگنا فرما دیجئے اور مجھے ان کے حق اور مراتب کی معرفت نصیب فرما دیجئے ، اور مجھے ان کی پیروی کرنے کی اور ان کے ادب اور سنت کو قائم رکھنے کی توفیق عطاء فرما دیجئے ، اور مجھے (آخرت میں) ان کے ساتھ جمع فرما دیجئے اور مجھے ان کی زیارت سے نفع اندوز فرمایئے اور مجھے ان سے ہم کلام ہونے کی سعادت نصیب فرما دیجئے ، اور مجھ سے رکاوٹوں ، واسطوں اور پردوں کو دور فرما دیجئے ، اور میرے کانوں کو ان کی مزیدار گفتگو سے محظوظ فرمایئے ، اور مجھے ان سے ملنے کے لئے تیار فرما دیجئے اور مجھے ان کی خدمت کے لائق بنا دیجئے..........................

وَ اجْعَلْ صَلٰوتِیْ عَلَیْهِ نُوْرًا نَیِّرًا کَامِلًا مُّکَمِّلًا طَاهِرًا مُّطَهِّرًا مَّاحِیًا کُلَّ ظُلْمٍ وَّ ظُلْمَةٍ وَّ شَكٍّ وَّ شِرْكٍ وَّ کُفْرٍ وَّ زُوْرٍ وَّ وِزْرٍ وَّ اجْعَلْهَا سَبَبًا لِّلتَّمْحِیْصِ وَ مَرْقًی لِّأَنَالَ بِهَا أَعْلٰی مَقَامِ الْإِخْلَاصِ وَ التَّخْصِیْصِ حَتّٰی لَا یَبْقٰی فِیَّ رَبَّانِیَّةٌ لِّغَیْرِكَ وَ حَتّٰی اَصْلُحَ لِحَضْرَتِكَ وَ أَکُوْنَ مِنْ أَهْلِ خُصُوْصِیَّتِكَ مُسْتَمْسِکًا بِأَدَبِهٖ وَ سُنَّتِهٖ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَمِدًّا مِّنْ حَضْرَتِهِ الْعَالِیَةِ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ وَّ حِیْنٍ

ترجمہ: اور میرے ان پر درود پڑھنے کو ایسا نور بنا دیجیے جو خوب روشن ہو، کامل ہو اور کامل بنانے والا ہو، پاک ہو اور پاک کرنے والا ہو، مٹانے والا ہو ہر ظلم اور اندھیرے کو، شک اور شرک کو، کفر اور جھوٹ اور گناہ کو، اور اسے صفائی اور ترقی کا سبب بنا دیجیے تاکہ میں اس کے ذریعے اخلاص اور خصوصیت کا ایسا مقام پالوں کہ میرے دل میں آپ کے سوا کسی کی ربانیت باقی نہ رہے، اور میں آپ کی بارگاہ میں حاضری کے لائق ہو جاؤں، اور میں آپ کے خصوصی بندوں میں سے ہو جاؤں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب اور سنت کو تھامے ہوئے، اور ان کی بارگاہ عالیہ سے مدد چاہتے ہوئے، ہر وقت اور ہر زمانے میں۔

يَآ اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ، يَآ اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ، يَآ اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ۔

وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا، وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

ترجمہ: یااللہ! یا نور! یا حق! یا مبین!...... یااللہ! یا نور! یا حق! یا مبین!...... یااللہ! یا نور! یا حق! یا مبین!۔

اللہ تعالیٰ رحمتیں نازل فرمائیں سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کے آل واصحاب پر اور خوب خوب سلام بھی نازل فرمائیں، اور سب تعریفیں اللہ رب العٰلمین کے لئے ہیں۔

❋...❋...❋

پہلی منزل

بروز پیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلَّمَ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ ، اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعٰلَمِيْنَ، اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ ، اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى
إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى
إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ
وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى
إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ
وَتَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰى
إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ
وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى
إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ ارْحَمْ مُحَمَّدًا
وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
وَرَحِمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ فِي

الْعٰلَمِيْنَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ وَ أَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ أَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

اَللّٰهُمَّ دَاحِيَ[1] الْمَدْحُوَّاتِ[2] وَ بَارِئَ الْمَسْمُوْكَاتِ[3] وَ جَبَّارَ الْقُلُوْبِ عَلٰى فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا وَ سَعِيْدِهَا اجْعَلْ شَرَآئِفَ صَلَوَاتِكَ وَ نَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ وَ رَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ الْفَاتِحِ لِمَآ أُغْلِقَ، وَ الْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ، وَ الْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ، وَ الدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ الْأَبَاطِيْلِ كَمَا حُمِّلَ، فَاضْطَلَعَ بِأَمْرِكَ بِطَاعَتِكَ مُسْتَوْفِزًا فِيْ مَرْضَاتِكَ[4]، وَاعِيًا لِّوَحْيِكَ، حَافِظاً

---

[1] ''دَاحِيَ'' بمعنیٰ ''باسط'' پھیلانے والا۔ ۱۲(د)

[2] ''اَلْمَدْحُوَّاتِ'' بمعنیٰ ''اَلْمَبْسُوْطَاتِ'' زمینیں مراد ہیں۔ ۱۲(د)

[3] ''اَلْمَسْمُوْكَاتِ'' بمعنیٰ ''اَلْمَرْفُوْعَاتِ''۔ آسمان مراد ہیں۔ ۱۲(د)

[4] وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ...... یہاں مُعْلِنْ ''مُظْهِر'' کے معنیٰ میں ہے اور پہلے ''حق'' سے مراد ''دین اسلام'' ہے جبکہ دوسرے ''حق'' سے مراد اللہ تبارک وتعالیٰ یا قرآن کریم ہے...... مطلب یہ ہوا: ''اللہ تعالیٰ کی مدد و تائید سے یا قرآن کریم کے ذریعے سے حق کو غالب اور ظاہر فرمانے والے......'' (بقیہ اگلے صفحہ پر)

لِّعَهْدِكَ، مَاضِيًا عَلٰى نَفَاذِ أَمْرِكَ حَتّٰى أَوْرٰى قَبَسًا لِّقَابِسٍ[1]، آلَاءُ اللّٰهِ تَصِلُ بِأَهْلِهٖ أَسْبَابَهٗ[2]، بِهٖ[3] هُدِيَتِ

(پچھلے صفحے کا بقیہ) وَالدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ الْأَبَاطِيْلِ...... دامغ بمعنیٰ ہلاک کرنیوالے، قلع قمع کرنے والے...... جَيْشَاتٌ "جَيْشَةٌ" کی جمع ہے بمعنیٰ قوت واٹھان اور اَبَاطِیْل خلاف قیاس "باطل" کی جمع ہے...... یعنی باطل ادیان ومذاہب کی شان وشوکت اور طاقت وقوت کو تہس نہس کرنے والے۔

كَمَا حُمِّلَ...... اس میں "كَافْ" یا تو "عَلٰى" کے معنیٰ میں ہے یا پھر "تعلیلیہ" ہے...... اور دونوں صورتوں میں "اَلْمُعْلِنِ" اور "اَلدَّامِغُ" کے متعلق ہے...... مطلب یہ ہے کہ "جیسے آپ کو حکم دیا گیا آپ نے ویسے حق کو ظاہر فرمایا اور باطل کو سرنگوں" یا پھر "آپ نے حق کو غالب فرمایا اور باطل کو مغلوب، کیونکہ آپ کو اس کا حکم دیا گیا تھا"

فَاضْطَلَعَ...... طاقتور اور مضبوط کے معنیٰ میں ہے...... مُسْتَوْفِزًا...... جلدی کرنے کے معنیٰ میں ہے...... مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کی اطاعت وانقیاد میں بہت زیادہ مضبوط وتوانا ہیں اور اللہ تعالیٰ کی رضا والے کاموں میں جلدی فرمانے والے ہیں...... واللہ اعلم بالصواب۔ ۱۲ (منہ)

[1] حَتّٰى أَوْرٰى قَبَسًا لِّقَابِسٍ...... اَوْرٰی کا معنیٰ ہے "آگ روشن کرنا"...... "قَبَسٌ" آگ کے شعلے اور انگارے کو کہتے ہیں اور یہاں اس سے "اسلام" مراد ہے...... "قَابِسٌ" سے مراد ہے "آگ کا طالب"...... مطلب اس جملے کا یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے "طالبِ حق" کے لیے "دینِ حق" کو روشن اور ظاہر کر دیا، ۱۲ (منہ)

[2] آلَاءُ اللّٰهِ تَصِلُ بِأَهْلِهٖ أَسْبَابَهٗ...... "آلَاءُ اللّٰه" سے مراد ہے اللہ تعالیٰ کی نعمتیں...... تَصِلُ کی ضمیر آلَاء کی طرف راجع ہے...... بِأَهْلِهٖ اور أَسْبَابَهٗ میں ضمیریں "قَبَسًا" کی طرف لوٹ رہی ہیں جس سے مراد "دینِ اسلام" ہے...... "أَسْبَابَهٗ" تَصِلُ کا مفعول ہے اور أَسْبَابٌ سے مراد ہیں "متعلقاتِ اسلام" یعنی نماز، روزہ وغیرہ عبادات...... اب مطلب یہ ہوا کہ: "اللہ تعالیٰ کی نعمتیں دین کے چاہنے والوں کو طاعات وعبادات پر آمادہ کرتی رہتی ہیں"۔ ۱۲ (منہ)

[3] بِهٖ کی ضمیر نبی کریم ﷺ یا قَبَسًا (اسلام) کی طرف راجع ہے۔ ۱۲ (منہ)

الْقُلُوْبُ بَعْدَ خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَ الْإِثْمِ، وَ أَبْهَجَ مُوْضِحَاتِ الْأَعْلَامِ وَ نَآئِرَاتِ الْأَحْكَامِ وَ مُنِيْرَاتِ الْإِسْلَامِ[1]، فَهُوَ أَمِيْنُكَ الْمَأْمُوْنُ وَ خَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ وَ شَهِيْدُكَ يَوْمَ الدِّيْنِ، وَ بَعِيْثُكَ نِعْمَةً وَّ رَسُوْلُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً. اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ فِيْ عَدْنِكَ[2] وَ اجْزِهٖ مُضَاعَفَاتِ الْخَيْرِ مِنْ فَضْلِكَ، مُهَنَّآتٍ لَّهٗ[3] غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ[4]، مِّنْ فَوْزِ ثَوَابِكَ الْمَحْلُوْلِ[5] وَ جَزِيْلِ عَطَآئِكَ الْمَعْلُوْلِ[6]. اَللّٰهُمَّ أَعْلِ عَلٰى بِنَآءِ النَّاسِ بِنَآءَهٗ

---

۱ أَبْهَجَ مُوْضِحَاتِ الْأَعْلَامِ وَ نَآئِرَاتِ الْأَحْكَامِ وَ مُنِيْرَاتِ الْإِسْلَامِ.........، ''اَبْهَجَ'' بمعنیٰ ''خوشنما بنانا''...... ''مُوْضِحَاتِ الْاَعْلَامِ'' أی ''اَلْاَعْلَامُ الْمُوْضِحَات'' اس میں صفت کو موصوف کی طرف مضاف کیا گیا ہے......اور اَعْلَامٌ سے مراد ہے نماز، روزہ وغیرہ ''معالمِ دین''...... ''نَائِرَاتِ الْاَحْكَامِ'' سے مراد ''واضح اور روشن احکامِ شریعت''...... ''مُنِيْرَاتِ الْاِسْلَامِ'' سے مراد ہے ''اصولِ دین''......مطلب یہ کہ: ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے معالمِ دین'' احکامِ شریعت اور اصولِ دین کو خوبصورت اور خوشنما بنا کر پیش فرمایا۔ واللہ اعلم بالصواب۔ ۱۲(منہ)

۲ جنت عدن مراد ہے۔ ۱۲(د) ۳ مُهَنَّآتٍ......آسان، سہل اور موافقِ طبیعت ہونا۔ ۱۲(منہ)

۴ غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ......صاف اور عمدہ ہونا، خالص ہونا۔ ۱۲(منہ)

۵ ''اَلْمَحْلُوْلِ'' وہ جگہ جہاں پڑاؤ ڈالا جائے۔ ''ثَوَابِكَ الْمَحْلُوْلِ'' سے مراد ''جنت'' ہے۔ ۱۲(د)

۶ اَلْمَعْلُوْلِ ''الْعَلَل'' سے پے در پے پینے کے معنیٰ میں ہے۔ عَطَآئِكَ الْمَعْلُوْلِ سے مراد ہے مسلسل اور لگاتار ملنے والے انعامات وعطایا۔ ۱۲(د)

وَ أَكْرِمْ مَثْوَاهُ لَدَيْكَ وَ نُزُلَهُ وَ أَتْمِمْ لَهُ نُوْرَهُ وَ اجْزِهِ مِنِ
ابْتِعَاثِكَ لَهُ مَقْبُوْلَ الشَّهَادَةِ وَ مَرْضِيَّ الْمَقَالَةِ، ذَا
مَنْطِقٍ عَدْلٍ وَّ خُطَّةٍ فَصْلٍ وَّ بُرْهَانٍ عَظِيْمٍ {إِنَّ اللّٰهَ وَ
مَلٰٓئِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا
عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا} لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ رَبِّيْ وَ سَعْدَيْكَ،
صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَ الْمَلٰئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ
النَّبِيِّيْنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصَّالِحِيْنَ وَ مَا
سَبَّحَ لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ
عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ إِمَامِ
الْمُتَّقِيْنَ وَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الشَّاهِدِ، الْبَشِيْرِ،
الدَّاعِيْ إِلَيْكَ بِإِذْنِكَ، السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَ عَلَيْهِ السَّلَامُ.
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ وَ رَحْمَتَكَ عَلٰى سَيِّدِ
الْمُرْسَلِيْنَ وَ إِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ
عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ إِمَامِ الْخَيْرِ وَ قَآئِدِ الْخَيْرِ وَ رَسُوْلِ
الرَّحْمَةِ. اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهُ فِيْهِ
الْأَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ.

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی
إِبْرَاهِيْمَ ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی إِبْرَاهِيْمَ ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ أَصْحَابِهٖ وَ أَوْلَادِهٖ وَ
أَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ أَهْلِ بَيْتِهٖ وَ أَصْهَارِهٖ وَ أَنْصَارِهٖ وَ
أَشْيَاعِهٖ[1] وَ مُحِبِّيْهِ وَ أُمَّتِهٖ وَ عَلَيْنَا مَعَهُمْ أَجْمَعِيْنَ يَآ أَرْحَمَ
الرّٰحِمِيْنَ.

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَيْهِ وَ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَنَا
بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَ صَلِّ عَلَيْهِ كَمَا تُحِبُّ أَنْ يُّصَلّٰی عَلَيْهِ.

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَآ أَمَرْتَنَآ أَنْ
نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
هُوَ أَهْلُهٗ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
تُحِبُّ وَ تَرْضَاهُ لَهٗ.[2]

---

[1] أَشْيَاعِهٖ ...... متبعین مراد ہیں۔ ۱۲ (د) [2] جمعۃ المبارک کی رات میں ستر مرتبہ یا سات سو مرتبہ اس درود شریف کو پڑھنے سے خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف نصیب ہوتا ہے۔ ۱۲ (مکی)

اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ أَعْطِ مُحَمَّدَنِ الدَّرَجَةَ وَالْوَسِیْلَةَ فِی الْجَنَّةِ.

اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ نِ اجْزِ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ أَهْلُهٗ.

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی أَهْلِ بَیْتِهٖ.

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الصَّلٰوةِ شَیْءٌ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الرَّحْمَةِ شَیْءٌ، وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الْبَرَكَةِ شَیْءٌ، وَ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ السَّلَامِ شَیْءٌ۔[1]

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْأَوَّلِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَإِ الْأَعْلٰٓی إِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ.

---

